حرفِ اوّل

اللہ رحیم و کریم کی شکر گذار ہوں کہ جس نے آپ سب کے تعاون سے مجلّہ تحقیق کا شمارہ نمبر٦٦ آپ تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائی۔

الحمدللہ مجلّہ ملک و بیرون ملک علمی حلقوں میں بنظر تحسین دیکھا جاتا ہے جس کی ایک اہم وجہ اس کے مضامین کا معیاری اور جدید علمی و تحقیقی اصولوں کے مطابق ہونا ہے۔

مجلّہ تحقیق کا موجودہ شمارہ بھی کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ کے اساتذہ محترم کی بھرپور نمائندگی کرتا ہے۔ علاوہ ازیں دیگر جامعات و کلیات کے اساتذہ کرام کے رشحات قلم بھی اس کی زینت ہیں۔

حسب روایت زیر نظر شمارہ کے مضامین میں تنوع ہے صرف ان مضامین کو شامل اشاعت کیا گیا ہے جو ماہرین کی رائے کے مطابق معیاری قرار پائے۔

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ وہ مجلّہ کے بارے میں اپنی قیمتی آراء سے مطلع فرمائیں تاکہ ان کی روشنی میں ہم اس کے معیار کو مزید بہتر بنا سکیں۔

کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ کی بطور ڈین ذمہ داری کے عرصے میں حتی الامکان کوشش رہی کہ کلیہ کا مجلّہ اور دیگر علمی و تحقیقی کاوشوں کو قارئین کرام تک بطریق احسن پہنچایا جائے اور الحمدللہ اس مقصد میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی۔

مجلس ادارت اور محققین اساتذہ کرام کی ممنون ہوں جو اس مقصد کے حصول کے لیے بھرپور علمی تعاون فرماتے رہے۔

عزیزاں گرامی ڈاکٹر خالقداد ملک (شعبہ عربی) اور ڈاکٹر زاہد منیر عامر (شعبہ اردو) میرے شکریے کے خصوصی مستحق ہیں جنہوں نے مجلّہ کی اشاعت سے متعلق ذمہ داریوں کو تندہی اور بڑے خلوص سے ادا کیا۔ اللہ کریم ان دونوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

میری دعا ہے کہ کلیہ علوم اسلامیہ وشرقیہ کی علمی و تحقیقی سرگرمیوں میں مزید وسعت پیدا ہو، اور یہ کلیہ وطن عزیز کے علمی حلقوں میں اپنے مقام کو مزید بہتر بنائے۔

پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت
ڈین کلیہ علوم اسلامیہ وشرقیہ